Children 1st

Safeguarders Panel Team

سیف گارڈرز پینل ٹیم

# سیف گارڈرز (محافظ)

## بچوں، نوعمر افراد اور خاندانوں کے لیے معلومات



# میرا نام ہے

# میں سیف گارڈر (محافظ) ہوں برائے

اگر آپ کو ضرورت ہو تو آپ مندرجہ ذیل طریقوں سے مجھ سے رابطہ کر سکتے ہیں:

فون کرنا / ٹیکسٹ کرنا

ای میل کرنا

آپ کے ذہن میں سیف گارڈر کے بارے میں بہت سی تشویشات اور سوالات ہو سکتے ہیں۔
یہ کتابچہ بچوں، نوعمر افراد، اور ان کے خاندانوں کو یہ سمجھنے میں مدد دینے کے لیے ہے کہ سیف گارڈر کیا ہے اور وہ کیا کرتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ آپ یہ معلومات مفید پائیں گے۔

سیف گارڈرز چاہتے ہیں کہ آپ محسوس کریں کہ...

## آپ محفوظ اور مطمئن ہیں

## آپ کی بات کو سنا جاتا ہے

## آپ کا احترام کیا جاتا ہے

## آپ سوال پوچھنے میں پراعتماد ہیں

## سیف گارڈرز اور ان کے کام کے بارے میں آگاہ ہیں

مزید معلومات ہماری ویب سائٹ پر مل سکتی ہیں: **www.children1st.org.uk/safeguarders**

# سیف گارڈر کیا ہے؟

جب کوئی بچہ یا نوعمر شخص اپنی زندگی میں مشکل چیزوں کا سامنا کر رہا ہوتا ہے، تو وہ چلڈرنز ہیئرنگ (بچوں سے متعلقہ سماعت) یا عدالت کے مقدمے میں شامل ہو سکتا ہے۔ بعض اوقات کسی سیف گارڈر سے یہ کہا جائے گا کہ وہ شیرف یا چلڈرنز ہیئرنگ پینل کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد دے کہ کسی خاص بچے یا نوعمر شخص کے لیے آگے کیا ہونا چاہیے۔





سیف گارڈر یہ جاننا چاہتا ہے کہ کسی بچے یا نوعمر شخص کی زندگی میں کیا ہو رہا ہے تا کہ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد ملے کہ سماعت یا عدالت میں جو بھی فیصلے کیے جاتے ہیں وہ بچے یا نوعمر شخص کے بہترین مفاد میں ہوں۔

سیف گارڈرز آزاد (غیر جانبدار) ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ بچے یا نوعمر شخص کے ساتھ کام کرنے والے دوسرے لوگوں جیسے کہ پینل کے اراکین، سوشل ورکرز، یا وکیلوں سے منسلک نہیں ہیں۔ وہ اس بارے میں اپنی آراء دینے کے لیے آزاد ہیں کہ کیا چیز بچے یا نوعمر شخص کے بہترین مفادات میں ہے۔



# 'بہترین مفادات' کا کیا مطلب ہے؟

بچوں اور نوعمر افراد کو انسانی حقوق حاصل ہیں۔ یہ حقوق وہ تمام چیزیں ہیں جن کی انہیں ایک محفوظ، صحت مند اور خوشگوار زندگی گزارنے کے لیے ضرورت ہے۔ وہ ایک دستاویز میں درج ہیں جسے یونائیٹڈ نیشنز کنونشن آف دی رائٹس آف دی چائلڈ(UNCRC) (اقوام متحدہ کا بچوں کے حقوق کا کنونشن) کہا جاتا ہے۔ سیف گارڈرز کو لازمی طور پر بچوں کے انسانی حقوق کا احترام اور تحفظ کرنا چاہیے کیونکہ وہ اس بارے میں سوچتے ہیں کہ بچے یا نوعمر شخص کے لیے کیا بہتر ہے۔

'بہترین مفادات' کا مطلب یہ ہے کہ بچے اور نوعمر شخص ان تمام حقوق سے لطف اندوز ہوں جو UNCRC میں ہیں، اور یہ کہ بالغ افراد جب ایسے فیصلے کر رہے ہوں جو بچوں اور نوعمر افراد کی زندگیوں پر اثر انداز ہوں گے تو وہ اُن کی فلاح و بہبود، نشوونما اور ترقی کے بارے میں سوچیں۔



سیف گارڈرز ہمیشہ وہی کریں گے جو وہ کسی بچے یا نوعمر شخص کے لیے بہتر سمجھتے ہیں۔ وہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے موجود ہیں کہ چلڈرنز ہیئرنگ یا عدالت بچے یا نوعمر شخص کے لیے بہترین فیصلہ کر سکے۔

بچہ، نوعمر شخص اور ان کے خاندان سیف گارڈر کی سفارشات سے متفق ہو سکتے ہیں یا نہیں بھی ہو سکتے۔ سیف گارڈرز ہمیشہ وضاحت کریں گے کہ انہوں نے اپنی سفارشات کیوں کی ہیں۔

بچوں کے انسانی حقوق اور UNCRC کے بارے میں مزید معلومات یہاں پر مل سکتی ہیں:

**www.cypcs.org.uk/rights**



# سیف گارڈر کیا کرے گا؟

سیف گارڈر بچے یا نوعمر شخص سے ملاقات کرے گا تاکہ ان سے واقف ہو، اس بارے میں جانے کہ وہ کیا چاہتے ہیں، اور ان کے کسی بھی سوال کا جواب دے۔



سیف گارڈر بچے یا نوعمر شخص کی زندگی میں شامل بالغ افراد (جیسے والدین، دیکھ بھال کرنے والے، ٹیچرز، سوشل ورکرز، یا دیگر افراد) سے بات کرے گا تاکہ یہ جان سکے کہ وہ کیا سوچتے ہیں کہ بچے یا نوعمر شخص کے لیے کیا بہتر ہوگا۔



سیف گارڈر بچے یا نوعمر شخص اور ان کی صورتحال کے بارے میں چلڈرنز ہیئرنگ سے معلومات پڑھے گا۔



چلڈرنز ہیئرنگز پینل کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد دینے کے لیے کہ بچے یا نوعمر شخص کے لیے کیا بہتر ہے سیف گارڈر سفارشات پیش کرے گا۔ یہ ایک رپورٹ کے طور پر لکھی جائیں گی ، اور سیف گارڈر کو اپنی سفارشات بچے یا نوعمر شخص اور دوسروں کو بتانی چاہیں اور ان کی وضاحت کرنی چاہیے۔

بچہ یا نوعمر شخص اس رپورٹ کو ان معلومات کے حصے کے طور پر دیکھ سکتا ہے جو چلڈرنز ہیئرنگ کو فراہم کی جاتی ہیں۔



سیف گارڈر بچے یا نوعمر شخص کے خیالات بتانے کے لیے اور آگے کیا ہونا چاہیے کے بارے میں اپنی سفارشات کی وضاحت کرنے کے لیے سماعت یا عدالت میں حاضر ہوگا۔



جب کوئی فیصلہ کر لیا جاتا ہے تواس کے بعد سیف گارڈر مزید شامل نہیں رہے گا اور وہ بچے یا نوعمر شخص کو الوداع کہہ دے گا۔



مستقبل میں سیف گارڈر کی رپورٹ تک رسائی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے،
برائے مہربانی ملاحظہ کریں: **www.scra.gov.uk**

# علیحدگی اور رازداری

بچوں اور نوعمر افراد کو رازداری کا حق حاصل ہے، اور یہ ضروری ہے کہ چلڈرنز ہیئرنگز کا نظام اور سیف گارڈرز اس کا احترام کریں۔

سیف گارڈرز کسی بچے یا نوعمر شخص کی زندگی کے بارے میں جاننے کے لیے اُس سے ملنا اور بات کرنا چاہتے ہیں، لیکن بچہ یا نوعمر شخص یہ فیصلہ کر سکتا ہے کہ وہ سیف گارڈر سے بات نہیں کرنا چاہتا۔ انھیں سیف گارڈر کے ساتھ بات کرنے یا نہ کرنے کا اختیار حاصل ہے، اور وہ اپنا ارادہ تبدیل کر سکتے ہیں۔

سیف گارڈرز تمام ذاتی معلومات کو رازداری میں رکھیں گے، جس کا مطلب ہے کہ وہ اسے نجی (پرائیویٹ) رکھیں گے اور صرف جب ضروری ہو گا اس وقت اُن لوگوں کو بتائیں گے جن کے پاس انھیں دیکھنے کی اجازت ہے۔

سیف گارڈرز اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ وہ تمام الیکٹرانک اور کاغذی دستاویزات کو محفوظ اور باحفاظت رکھتے ہیں۔ انھیں لازمی طور پر جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشنز 2016 میں بیان کردہ قواعد پر عمل کرنا چاہیے۔

چلڈرنز ہیئرنگ یا عدالت کی طرف سے فیصلہ ہوجانے کے بعد، سیف گارڈر کو لازمی طور پر کسی بھی ایسی معلومات کو ضائع کر دینا چاہیے جو وہ کسی بچے یا نوعمر شخص کے بارے میں رکھتے ہیں۔

اگر کسی سیف گارڈر کو کسی بچے یا بالغ کے محفوظ نہ ہونے یا کسی جرم کے بارے میں معلومات ملتی ہیں، تو اس کا فرض ہے کہ اس کی اطلاع دے۔

# سیف گارڈرز کے بارے میں آراء (فیڈ بیک)

**ہم آپ کی آراء سننا چاہتے ہیں!**

آپ کے خیالات اور آراء ہمیں یہ یقینی بنانے میں مدد دیتی ہیں کہ سیف گارڈرز بچوں اور نوعمر افراد کے بہترین مفادات کا تحفظ کرنے کے لیےاپنی پوری کوشش کر رہے ہیں۔

اگر آپ سیف گارڈرز پینل ٹیم کوکسی سیف گارڈر کے ساتھ اپنے تجربے کے بارے میں کچھ بھی بتانا چاہتے ہیں تو برائے مہربانی QR کوڈ کو سکین کریں یا ملاحظہ کریں:

**www.children1st.org.uk/sg-feedback**

اگر آپ کو اپنےسیف گارڈر کے کام، افعال یا رویے کے بارے میں کوئی فکر، تشویش یا شکایت ہے تو برائے مہربانی Children 1st سیف گارڈرز پینل ٹیم سے رابطہ کریں۔ مزید معلومات یہاں ہیں:

**www.children1st.org.uk/sg-complaints**

Children 1st

**Safeguarders Panel Team**

سیف گارڈرز پینل ٹیم

سیف گارڈرز کے بارے میں مزید جاننے کے لیے یا فیڈ بیک
فراہم کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں:

**www.children1st.org.uk/safeguarders**


سیف گارڈرز پینل ٹیم

ٹیلی فون نمبر: 0345 604 4296

ای میل: safeguarderspanel@children1st.org.uk


The Scottish Government

سیف گارڈرز کا تقرر سکاٹش حکومت کے وزراء کرتے ہیں اور سیف گارڈرز پینل ٹیم ان کو معاونت فراہم کرتی ہے۔ سیف گارڈرز پینل ٹیم (SPT) چلڈرن 1stمیں تعینات ہے اور سیف گارڈرز کے قومی نیٹ ورک کا انتظام کرتی ہے۔


Children 1st Registered Office, 83 Whitehouse Loan Edinburgh EH9 1AT

رجسٹرڈ سکاٹش چیریٹی نمبر SC016092